exam WiNNER®

**A**

# SAMAGRA SHIKSHA – KERALA
## ANNUAL EVALUATION 2019-20

**810**

STD : VIII

## First Language Part-1 (Urdu)

Time : 1 ½ Hrs
Score : 40

പൊതു നിർദേശങ്ങൾ

* ആദ്യത്തെ 15 മിനുട്ട് ചോദ്യങ്ങൾ വായിച്ച് മനസ്സിലാക്കാനുള്ള സമാശ്വാസ സമയമാണ്.
* 1 മുതൽ 4 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 3 എണ്ണത്തിന് ഉത്തരമെഴുതുക.
* 5 മുതൽ 8 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 3 എണ്ണത്തിന് ഉത്തരമെഴുതുക.
* 9 മുതൽ 15 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 5 എണ്ണത്തിന് ഉത്തരമെഴുതുക.
* 16 മുതൽ 21 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 4 എണ്ണത്തിന് ഉത്തരമെഴുതുക.

---

**3x1=3**

### 1 سے 4 تک کے سوالوں سے کسی تین کے جواب لکھیے۔

1 نیچے چند گاڑیوں کے نام دیے ہیں۔ان میں سے عام سواری کی گاڑیاں چن کر لکھیے۔ 1

[ موٹر سائیکل، بس، ریل گاڑی ]

2 "عالمی یومِ اردو" کب منایا جاتا ہے۔چن کر لکھیے۔ 1

[۲۶/جنوری، ۱۵/آگست، ۹/نومبر]

3 صحیح جملہ کون سا ہے۔چن کر لکھیے۔ 1

a) سسلی گیت گا رہا ہے۔ b) سسلی گیت گا رہے ہیں۔

c) سسلی گیت گا رہی ہے۔ d) سسلی گیت گا رہی ہیں۔

4 ان میں ایک صحیح جوڑ نہیں ہے۔چن کر لکھیے۔ 1

[دادا۔دادی، نانا۔نانی، ناک۔نانی]

**3x2=6**

### 5 سے 8 تک کے سوالوں سے کسی تین کے جواب لکھیے۔

5 کہانی 'ایک خواب اور...' آپ نے پڑھی ہے نا؟اس کہانی کے دو کرداروں کے نام چن کر لکھیے۔ 2

[آنند، بھاسکر، سندیپ، مدن لال]

6 جملے غور سے پڑھیے۔ان میں سے کہانی 'ایک خواب اور...' کے کردار سندیپ سے متعلقہ دو صحیح جملے چن کر لکھیے۔ 2

a) سندیپ کو گردے کی بیماری ہے۔

b) سندیپ ایک ایماندار لڑکا ہے۔

c) سندیپ دوست سلیم کی مدد کرتا ہے۔



exam WiNNER®

7 مناسب لفظ چن کر گروہ بھریے۔ [خط، کہانی، نظم] 2

| | | | |
|---|---|---|---|
| a) | ہم کتنے غریب ہیں | ............ | آنند |

| | | | |
|---|---|---|---|
| b) | ابھی اور گاؤ | جوش ملیح آبادی | ........... |

8 خانہ 'الف' کو خانہ 'ب' سے ملائیے۔ 2

| الف | ب |
|---|---|
| اسماعیل میرٹھی | مزدور ہیں ہم مزدور |
| شفیع الدّین نیّرؔ | بچے کی دعا |
| محمد اقبال | محبوب زمانہ |
| اسرار الحق مجاز | اچھا زمانہ |

**9 سے 15 تک کے سوالوں سے کسی پانچ کے جواب تین چار جملوں میں لکھیے۔ 5x3=15**

9 'میسور' ایک مشہور تفریحی مقام ہے۔ اس طرح ہندوستان میں کئی تفریحی مقامات ہیں۔ 3

a) بچو، دو اور تفریحی مقامات کے نام لکھیے۔

b) پسندیدہ ایک تفریحی مقام پر چند جملے لکھیے۔

10 3

بھارت پیارا دیس ہمارا سب دیسوں سے نیارا ہے

ہر رُت ہر موسم اس کا کیسا پیارا پیارا ہے

بچو، شعر غور سے پڑھیے۔ اس شعر میں ہمارے دیس کی خوب صورتی اور عظمت کے بارے میں بیان کرتا ہے۔

a) بچو، اس شعر کا شاعر کون ہے؟

b) شعر کی روشنی میں ہمارے دیس کی خوب صورتی پر چند جملے لکھیے۔

11 آج کل لوگ فطرت کو برباد کر رہے ہیں۔ فطرت کی حفاظت کرنا ہمارا فرض ہے۔

بچو، فطرت کی حفاظت پر چند نعرے تیار کیجیے۔ 3

| | |
|---|---|
| جیسے: | فطرت کی حفاظت ہماری جان کی حفاظت ہے۔ |




exam WiNNER ®

12 مزدور لوگ دن رات محنت کرتے ہیں۔ دنیا کی ترقی میں مزدوروں کا بڑا ہاتھ ہے۔ 3
بچو، مزدوروں کی محنت اور ان کی اہمیت کے بارے میں چند جملے لکھیے۔

13 تاریخی عمارت ہماری تہذیب کی نشانی ہے۔ 3
a) بچو، ہندوستان کی دو تاریخی عمارتوں کے نام لکھیے۔
b) پسندیدہ ایک تاریخی عمارت پر نوٹ لکھیے۔

14 3

کھالو کھالو حلوہ کھالو
کالا کالا حلوہ کھالو
کالی کٹ کا حلوہ کھالو




اس طرح کے کئی اشتہارات ٹیلی ویژن اور اخبار میں آپ نے پڑھے اور سنے ہوں گے۔
بچو، اشاروں کی مدد سے پسندیدہ ایک چیز کا اشتہار تیار کیجیے۔
اشارے: [ اچھامال، سستا، قیمت، تازہ، نیا ]

15 سندیپ نے سائیکل خریدنے کے لیے چار ہزار روپے جمع کیے تھے۔ علاج کے لیے اس نے وہ رقم اپنے 3
دوست سلیم کو دے دیا۔ یہ خبر سن کر چینل والے سندیپ کے گھر آئے۔
بچو، چینل والوں نے سندیپ سے کیا کیا سوالات پوچھے ہوں گے۔ تین سوالات تیار کیجیے۔

**16 سے 21 تک کے سوالوں سے کسی چار کے جواب چار پانچ جملوں میں لکھیے۔** 4x4=16

16 چار سال کے بعد سندیپ ولایت سے گھر واپس آیا۔ ابّا جان کو دیکھ کر وہ بہت خوش ہوا۔ گلے لگا کر دونوں 4
باتیں کرنے لگے۔

ابّا جان: بیٹے سندیپ! تم اتنے سال کہاں تھے؟

سندیپ: ..............................

بچو، سندیپ اور ابّا جان کی گفتگو تیار کیجیے۔

17 4

سب بولیوں سے اچھی اردو زباں ہماری
بولی یہی ہے اب اے ہندوستاں ہماری

شعر غور سے پڑھیے۔ اس میں اردو زبان کے بارے میں بیان کرتا ہے۔
a) بچو، اس شعر کا شاعر کون ہے؟
b) اردو کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ نوٹ لکھیے۔

4 18 پوسٹر غور سے پڑھیے۔ نیچے دیے سوالوں کے جواب لکھیے۔

**اردو سمینار**

(اردو زبان کی اہمیت پر)

۱۵/فروری ۲۰۲۰ء کو دس بجے

مقام : موڈل ہائی اسکول، کالی کٹ

**افتتاح : کرشن ماسٹر (صدرِ پنچایت)**

مقالہ کی پیش کش : ڈاکٹر جمال احمد (اردو پروفیسر)

شرکت کی درخواست ہے۔

a) سمینار کا افتتاح کون کرتا ہے؟

b) سمینار کب منعقد کرتا ہے؟

c) یہ سمینار کیوں منعقد کرتا ہے؟

4 19 روہن افسانہ نگاری کے مقابلے میں اوّل آیا۔ یہ خوش خبری دیتے ہوئے وہ اپنے دوست اسلم کے نام ایک خط لکھنا چاہتا ہے۔

بچو، اسلم کے نام خط لکھنے میں روہن کی مدد کیجیے۔

اشارے:۔[تاریخ، مقام، آداب واالقاب، موضوع]

4 20 بھاسکر بازار میں قلی کا کام کرتا ہے۔ اس کے خیال میں دنیا میں کوئی کام شریفانہ نہیں ہے۔

a) بچو، پسندیدہ دو پیشوں کے نام لکھیے۔

b) پسندیدہ ایک پیشہ کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

4 21 عبارت غور سے پڑھیے۔ اشاروں کی مدد سے چار سوالات تیار کیجیے۔

اشوک پورم گاؤں والے بڑے مہمان نواز تھے۔ انھوں نے مدن لال اور آنند کی خوب خاطر کی۔ اشوک پورم کے حسین نظارے آنند کو بہت پسند آئے۔ رات کو دونوں ایک غریب کسان کی جھونپڑی میں ٹھہر گئے۔ گاؤں والوں کی دعوت آنند کے لیے ایک نیا تجربہ تھا۔

اشارے:۔[کون، کہاں، کیوں، کیسا، کس نے]



exam WiNNER®